Securities and Exchange Commission of Pakistan

SECP

# Press Release

August 2, 2018

For immediate release

## ایس ای سی پی میں کمپنیوں کی رجسٹریشن میں تیس فیصد اضافہ، 1076 نئی کمپنیاں رجسٹرڈ

اسلام آباد (اگست 2) : سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے جولائی میں کل 1076 نئی کمپنیاں رجسٹر کی گئیں جو کہ گزشتہ سال کے اس ماہ کے مقابلے میں تیس فیصد زیادہ ہیں۔ اب رجسٹرڈ کمپنیوں کی تعداد اٹھاسی ہزار سات سو ایک ہو گئی ہے۔ ایس ای سی پی کی جانب سے کمپنیوں کی رجسٹریشن کے عمل کو آسان بنانے کے لئے کی گئی اصلاحات اور رجسٹریشن کی فیسوں میں نمایاں کمی کے باعث رجسٹریشن کے رجحان میں اضافہ ہوا ہے۔

رجسٹریشن حاصل کرنے والی تہتر فیصد کمپنیاں پرائیویٹ لمیٹڈ ہیں جبکہ چوبیس فیصد سنگل ممبر اور تین فیصد کمپنیوں نے بطور پبلک ان لسٹڈ، غیر منافع بخش، غیر ملکی اور لمیٹڈ لائیبلٹی پارٹنر شپ شامل ہیں۔ سب سے زیادہ کمپنیاں تجارت کے شعبے میں رجسٹر ہوئیں ان کی تعداد ایک سو ستانوے ہے ۔۔ تعمیرات میں ایک سو پینتیس، خدمات میں ایک سو چھبیس، آئی ٹی میں ایک سو گیارہ، سیاحت میں چھیالیس، رئیل اسٹیٹ میں پینتیس، تعلیم، مارکیٹنگ اور ڈویلپمنٹ شعبوں میں سے تینتیس تینتیس، انجنیئرنگ میں بتیس، کارپوریٹ ایگری کلچر فارمنگ میں اکتیس، خوراک و مشروبات میں پچیس کمپنیاں رجسٹر ہوئیں۔ براڈکاسٹنگ اور ٹیلی کاسٹنگ، ٹیکسٹائیل اور ٹرانسپورٹ میں اٹھارہ اٹھارہ، ایندھن و توانائی اور صحت میں سترہ سترہ، دواسازی میں پندرہ کمپنیاں رجسٹر ہوئیں۔ کیبل اور برقی سامان اور پیپر اور بورڈ گیارہ گیارہ اور ایک سو سنتالیس کمپنیاں دیگر شعبوں میں رجسٹرڈ ہوئیں۔

علاوہ ازیں، آٹھ غیر ملکی کمپنیاں کراچی، لاہور اور اسلام آباد میں رجسٹر ہوئیں۔ سینتالیس نئی کمپنیوں میں غیر ملکی سرمایہ کاری کی گئی۔ ان سرمایہ کاروں کا تعلق آسٹریلیا، چین، جرمنی، جنوبی کوریا، نیدرلینڈز، ناروے، سنگاپور، سپین، تھائی لینڈ، ترکی اور برطانیہ سے ہے۔

چار سو بتیس کمپنیاں اسلام آباد، دو سو پچاسی لاہور اور ایک سو پچھتر کراچی میں رجسٹر ہوئیں۔ پشاور، گلگت بلتستان، ملتان، فیصل آباد، کوئٹہ اور سکھر میں بالترتیب اڑسٹھ، انچاس، تینتیس، اکیس، آٹھ اور پانچ کمپنیاں رجسٹر ہوئیں۔

NIC Building, 63 Jinnah Avenue,
Islamabad, Pakistan
PABX: +92-51-9207091-4 Fax: +92-51-9218592, 9204915, Email: webmaster@secp.gov.pk, Website: www.secp.gov.pk